GALLUP PAKISTAN Affiliated with Gallup International Pakistan's Foremost Social Research Lab
WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

رائے عامہ سروے

**عمومی**

**جنس**

# 15% پاکستانیوں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ انہیں ماضی میں کسی نہ کسی طرح کے تشدد (جسمانی یا نفسیاتی تشدد) کا سامنا کرنا پڑا ہے، دنیا بھر میں اس حوالے سے رائے رکھنے والے جوابدہندگان کی شرح 14% پائی گئی۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)**،

(اسلام آباد)، 30 مارچ، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، 15% پاکستانیوں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ انہیں ماضی میں کسی نہ کسی طرح کے تشدد (جسمانی یا نفسیاتی تشدد) کا سامنا کرنا پڑا ہے، دنیا بھر میں اس حوالے سے رائے رکھنے والے جوابدہندگان کی شرح 14% پائی گئی۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33،236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے مرد و عورت کی برابری، تشدد اور جنسی زیادتی کے حوالے سے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں، تاکہ اس بات کو سمجھا جاسکے کہ دنیا بھر میں مواقعوں اور حقوق میں برابری کے لحاظ سے کوئی بہتری آئی ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 10 اکتوبر سے 11 نومبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **گزشتہ 12 ماہ میں کیا آپ کو خدانخواستہ کسی بھی قسم کے تشدد (جسمانی یا نفسیاتی تشدد) کو برداشت کرنا پڑا ہے؟** "۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں 15% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" گزشتہ 12 ماہ میں انہیں (جسمانی یا نفسیاتی) تشدد کو برداشت کرنا پڑا ہے، جبکہ 85% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" گزشتہ 12 ماہ میں انہیں (جسمانی یا نفسیاتی) تشدد کو برداشت نہیں کرنا پڑا ہے۔ عالمی سطح پر، خواتین کے جسمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کرنے کے حوالے سے نتائج گزشتہ سال کے مقابلے میں بدقسمتی سے اب بھی اتنے ہی ہیں (2021 میں یہ شرح 16% پائی گئی، جو 2020 میں 17% اور 2019 میں 16% رہی)۔


"گزشتہ 12 ماہ میں کیا آپ کو خدانخواستہ کسی بھی قسم کے تشدد (جسمانی یا نفسیاتی تشدد) کو برداشت کرنا پڑا ہے؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

## علاقے کے اعتبار سے نتائج:

علاقوں کے اعتبار سے نتائج کا جائزہ لیتے ہوئے کچھ بہتری دیکھی گئی ہے۔ گزشتہ سالوں کے دوران، افریقہ، ایم ای این اے (مڈل ایسٹ اینڈ نورتھ افریقہ)، اے پی اے سی (ایشیاپیسیفک) اور امریکہ میں وہ خواتین جنہیں پچھلے سال تشدد کا سامنا کرنا پڑا کے حوالے سے نیٹ انڈیکس میں بالترتیب 7-، 5-، 2- اور 1- کی کمی آئی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 20 اکتوبر تا 11 نومبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, March 30, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)